سوال

(586) دورانِ جماعت نماز میں شامل ہونے کا طریقہ کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام جب رکوع و سجدہ میں ہو تو جو شخص نماز میں آکے ملے وہ تکبیر کہہ کر سینہ پر دونوں ہاتھ باندھ کر پھر تکبیر کہہ کر امام کے ساتھ رکوع یا سجدہ میں ملے یا کوئی اور صورت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث 'تَحرِیمُهَا التَّکبِیرُ وَ تَحلِیلُهَا التَّسلِیمُ' "سنن أبی داود، بَابُ الْإِمَامِ یُحْدِثُ بَعْدَ مَا یَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنْ آخِرِ الرَّكْعَةِ، رقم:٦١٨"

اور روایت ابن عمر رضی اللہ عنہما 'رَأَیتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ افتَتَحَ التَّکبِیرَ فِی الصَّلٰوةِ، فَرَفَعَ یَدَیهِ حِینَ یُکَبِّرُ' "صحیح البخاری، بَابٌ: إِلَى أَيْنَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ؟، رقم:٧٣٨" کے پیشِ نظر نمازی پہلے مکمل طور پر نماز کی کیفیت کو اختیار کرے۔ پھر جس حالت میں امام کو پائے اسے اختیار کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ:517

محدث فتویٰ